Recharge PAKISTAN

GREEN CLIMATE FUND

WWF

THE Coca-Cola FOUNDATION

ستمبر ۲۰۲۶

منصوبہ برائے ماحولیاتی اور سماجی انتظامات

ڈی آئی خان، خیبر پختونخواہ

سرگرمی ۱.۲.۱

سیلاب کے خطرے میں کمی کے لیے گرین انفراسٹرکچر کے اقدامات کا ڈیزائن اور نفاذ

ذیلی سرگرمی 1.2.1.2 پنیالہ کلسٹر میں سیلاب سے بچاؤ کے 3 عدد حفاظتی پُشتوں کی تعمیر

ذیلی سرگرمی 1.2.1.4 عبدل خیل کلسٹر میں 5 عدد گیبئین بند کی تعمیر

ریچارج پاکستان

ڈبلیو ڈبلیو ایف – پاکستان (WWF-PAKISTAN)

ایف پی 207 - ری چارج پاکستان: ایک مربوط ماحولیاتی نظام پر مبنی موافقت اور موزوں انفراسٹرکچر کے ذریعے سیلابی خطرات کے انتظام اور موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے خلاف پاکستان کی مدافعتی صلاحیت میں اضافہ

فہرست مضامین

سرگرمی 1.2.1 کا خلاصہ 1
سیکشن 1: 3
1.1 تعارف 3
1.2پروجیکٹ کی تفصیل 3
1.3مطالعہ کیلئے دلائل 4
1.4 ESMP کا دائرہ کار 6
1.4.1 ماحولیاتی دائرہ کار 6
1.4.2 سماجی دائرہ کار 6
1.5 ای ایس ایم پی تیار کرنے کا طریقہ 7
سیکشن 2: قانونی فریم ورک اور قابل اطلاق ماحولیاتی اور سماجی تحفظ کی پالیسیاں 9
2.1قابل اطلاق قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک -انتظام:(پاکستان) 9
2.2 (WWF SIPP) قابل اطلاق ماحولیاتی اور سماجی معیارات 9
سیکشن 3: اس ESMP کے تحت احاطہ کیے گئے بڑے خطرات 11
3.1ماحولیاتی خطرات : 11
3.2سماجیخطرات : 12
3.3پیشہورانہ صحت اور حفاظت کے خطرات (OHS) 12
3.4 خطرات سے وابستہ ممکنہ نقصانات 12
سیکشن 4: بیس لائن (بنیادی) ماحولیاتی اور سماجی اعداد و شمار 13
4.1موجودہ ماحولیاتی صورتحال 13
4.2موجودہ سماجی صورتحا ل: 13
سیکشن 5: ماحولیاتی اور سماجی انتظام کا منصوبہ 15
سیکشن 6: اسٹیک ہولڈر کی مشاورت اور شمولیت 28
متعلقہ فریقین: 28
مشاورت کا عمل : 28
6.1 مسلسل مشاورت اور رابطہ : 28
اپنڈکس1: متعلقہ فریقین سے مشاورت کا منصوبہ 30
سیکشن 7: ESMP کے نفاذ کا طریقہ کار، مانیٹرنگ پلان اور رپورٹنگ 46
سیکشن 8: سیکیورٹی مینجمنٹ پلان 47
8.1 مقصد،ہدفاور متوقع نتائج 47
8.2 خطرے کا تجزیہ اور سیکورٹی میں خلل کی وجوہات 47
8.3 سیکیورٹی مینجمنٹ کے طریقہ کار اور پروٹوکول 48
8.3.1 آپریشنل سیکیورٹی پروٹوکولز 48
8.3.2ادارہ جاتی کردار اور ذمہ داریاں 48
8.3.3 واقعہ کی رپورٹنگ 49
8.3.4 ہنگامی رابطے 49

اپنڈکس 2: ہنگامی صورتحال سے نمٹنے اور جوابی کارروائی کا منصوبہ 45
سیکشن 9: شکایات کے ازالے کا طریقہ کار (GRM)..... 52
9.1 GRM تک رسائی 48
9.2 **شکایات کے ازالے کا عمل. 53**
ضمیمہ 1- کارکنوں کی پیشہ ورانہ صحت و حفاظت (OHS) کا انتظامی منصوبہ..... 54
ضمیمہ 2: سیلابی حفاظتی پُشتوں اور گیبیئن بند کے لیے ملحقہ ویسٹ مینجمنٹ پلان..... 56
متوقع ملبہ اور اقسام..... 56
ضمیمہ 3: زمین کے کٹاؤ اور مٹی کے متاثر ہونے سے بچاؤ کا منصوبہ 60
ممکنہ اثرات..... 60
ضمیمہ 4-آپریشن اور مینٹیننس پلان 62
1.تعارف 62
2.دائرہ کار اور مقاصد..... 62
3. ذمہ دارفریقیناور کردار 62
4 دیکھ بھال کی اہم سرگرمیاں 63
4.1 معمول کے دو سالانہ معائنے. 63
4.2 پشتوں کی دیکھ بھال..... 63
4.3 گیبیئن بند کےکا معائنہ اور مرمت 63
4.4 ڈرینیج اور بہاؤ کے راستے کی دیکھ بھال 63
4.5 پودوں اور بائیو انجینئرنگ کی دیکھ بھال. 63
4.6 کٹاؤ، ذیلی کٹاؤ اور مٹی کے ذرات کے جمع ہونے سے بچاؤ کے اقدامات 63
5.نگرانی کے اہم نکات 63
6. رپورٹنگ اور پلان پر نظرثانی 64
نگرانی اور ذمہ داری 64
ضمیمہ5: اسکریننگ کی سرگرمیوں اور کمیونٹی کی تصاویر 65
ضمیمہ 6: ریونیو عملے کے ذریعے سائٹ کی تصدیق 73
ضمیمہ 7 : (این او سی) - گیبیئن بند 74
ضمیمہ 8: .کمیونٹی کے ساتھ شراکت داری کی شرائط و ضوابط (ٹی او پی) - سیلاب سے بچاؤ کے پُشتے.... 78
ضمیمہ 9: حادثات/واقعات کی رپورٹنگ کا ٹیمپلیٹ (خاکہ)..... 82
ضمیمہ 10: منصوبے میں شامل مزدوروں سے متعلق انتظامی طریقۂ کار 84
ضمیمہ 11: ماحولیاتی رپورٹ اور شجرکاری کا منصوبہ 85

مخففات

مخفف	معنی / مفہوم
BOQ /بی او کیو	بل آف کوانٹٹی / مقداروں کا جدول
CBO / سی بی او	کمیونٹی پر مبنی تنظیم
D.I. Khan / ڈی آئی خان	ڈیرہ اسماعیل خان
DSC/ ڈی ایس سی	ڈیزائن اور سپرویژن کنسلٹنٹ
EbA / ای بی اے	ماحولیاتی نظام پر مبنی مطابقت
E&S / ای اینڈ ایس	ماحولیاتی اور سماجی
ESF / ای ایس ایف	ماحولیاتی اور سماجی فریم ورک
ESMF ای ایس ایم ایف	ماحولیاتی اور سماجی انتظام کا فریم ورک
ESMP / ای ایس ایم پی	ماحولیاتی اور سماجی انتظام کا منصوبہ
ESS / ای ایس ایس	ماحولیاتی اور سماجی معیار
FP / ایف پی	فنڈنگ پروپوزل/تجویز
FPIC / ایف پی آئی سی	آزادانہ، پیشگی اور باخبر رضامندی
GCF / جی سی ایف	گرین کلائمیٹ فنڈ
GI / جی آئی	گرین انفراسٹرکچر
GPS / جی پی ایس	گلوبل پوزیشننگ سسٹم
GRM / جی آر ایم	شکایات کے ازالے کا طریقہ کار
KP / کے پی	خیبر پختونخوا
KMZ / کے ایم زیڈ	کی ہول مارک اپ لینگویج زپ شدہ
M&E / ایم اینڈ ای	مانیٹرنگ اینڈ ایویلیوایشن
NBS / این بی ایس	قدرت پر مبنی حل
O&M / او اینڈ ایم	آپریشن اور دیکھ بھال
OHS / او ایچ ایس	پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت
PID / پی آئی ڈی	صوبائی محکمہ آبپاشی
PKR / پی کے آر	پاکستانی روپیہ
PMU/ پی ایم یو	پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ
PPE / پی پی ای	ذاتی حفاظتی سامان
RP / آر پی	ریچارج پاکستان
SEA/SH / ایس ای اے/ایس ایچ	جنسی استحصال اور بدسلوکی / جنسی ہراسانی
SEP / ایس ای پی	اسٹیک ہولڈر کی شمولیت کا منصوبہ
SIPP/ ایس آئی پی پی	سیف گارڈز انٹیگریٹڈ پالیسیز اینڈ پروسیجرز
SIU / ایس آئی یو	سائٹ امپلی منٹیشن یونٹ / جگہ پر عمل درآمد کا یونٹ
TBD/ٹی بی ڈی	طے ہونا باقی ہے
WWF/ ڈبلیو ڈبلیو ایف	ورلڈ وائڈ فنڈ فار نیچر

خلاصہ

یہ ماحولیاتی و سماجی انتظامی منصوبہ (ESMP) ریچارج پاکستان پروجیکٹ کے تحت "سرگرمی 1.2.1 – سیلاب کے خطرے میں کمی کے لیے گرین انفراسٹرکچر اقدامات کےڈیزائن اور نفاذ" کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ اس میں ضلع ڈیرہ اسماعیل خان، خیبر پختونخوا میں سیلاب کے خطرے کو کم کرنے کی دو ترجیحی ذیلی سرگرمیاں شامل ہیں، یعنی: ذیلی سرگرمی 1.2.1.2 – پنیالہ اور وانڈہ لوہانی میں 3 عدد سیلاب سے بچاؤ کےحفاظتی پُشتوں کی تعمیر، اور ذیلی سرگرمی 1.2.1.4 – عبداللہ خیل، شاہ حسن خیل-1، شاہ حسن خیل-2، کٹا خیل اور وانڈہ شہبازی میں 5 عدد گیبیئن بند کی تعمیر۔

مجوزہ اقدامات کا بنیادی مقصد سیلاب کے خطرے کو کم کرنا، قدرتی نکاسی کے راستوں اور موسمی ندی نالوں (رودکوہی) کے بہاؤ کو مستحکم کرنا، مٹی کے کٹاؤ کو کم کرنا، اور مقامی لوگوں اور زرعی زمینوں کو سیلاب کے ممکنہ نقصانات سے محفوظ رکھنا ہے۔ ان اقدامات کے ذریعے موسمی سیلاب کے مقابلے میں مقامی لوگوں کی مدافعت بھی بہتر ہوگی سیلاب سے بچاؤ کے حفاظتی پشتے کمزور اور خطرے سے دوچار لوگوں اور زرعی اراضی کو سیلابی پانی کے نقصانات سے تحفظ فراہم کریں گے۔ اسی طرح، گابیون بند بہتے ہوئے پانی کی رفتار کو کم کرنے، گارا اور ریت (سیڈیمنٹ) کو روکنے، ندی نالوں کے راستوں کو مستحکم کرنے اور زیر زمین پانی کی قدرتی ریچارجنگ کو فروغ دینے میں مدد دیں گے۔
مزید برآں، ان اقدامات سے مٹی کے کٹاؤ میں کمی آئے گی، ندی نالوں کے کنارے مضبوط ہوں گے ، اور کناروں پر قدرتی نباتات کی افزائش کو فروغ ملے گا۔ اس طرح یہ اقدامات ماحولیاتی نظام کی خدمات کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ موسمیاتی تبدیلی کے باعث آنے والے سیلاب کے مقابلے میں مقامی لوگوں کی قوتِ مدافعت کو بڑھانے میں معاون ثابت ہوں گے۔

مجوزہ اقدامات کی تفصیلی ماحولیاتی اور سماجی حفاظتی اسکریننگ(ESS Screening) ، Recharge Pakistanکے ماحولیاتی و سماجی انتظامی فریم ورک (ESMF) اور WWF-US کی ماحولیاتی و سماجی حفاظتی پالیسیوں اور طریقۂ کار (SIPP) کے مطابق کی گئی۔ منظور شدہ اسکریننگ رپورٹس کے مطابق، ان اقدامات کے نتیجے میں متوقع ماحولیاتی اور سماجی اثرات مقامی اور عارضی نوعیت کے ہیں، جنہیں اس ESMP میں دی گئی تدارکی تدابیر اور ادارہ جاتی انتظامات پر مؤثر عمل درآمد کے ذریعے آسانی سے کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔ کسی بھی اہم منفی یا ناقابلِ تلافی ماحولیاتی یا سماجی اثرات کی نشاندہی نہیں ہوئی۔

بنیادی ماحولیاتی اور سماجی خطرات کا تعلق تعمیراتی سرگرمیوں کے معمولات سے ہے، جن میں دھول مٹی کے اخراج، شور، کچرے کا پیدا ہونا ، پیشہ ورانہ صحت و سلامتی کے خطرات، کمیونٹی کی صحت و سلامتی کے خدشات، اور تعمیراتی سامان، ایندھن اور تیل کی غلط دیکھ بھال کے نتیجے میں مٹی اور پانی کی ممکنہ آلودگی شامل ہے۔ منصوبے کی سرگرمیوں سے محفوظ علاقوں، بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ حیاتیاتی تنوع کے علاقوں، حساس قدرتی مساکن، ثقافتی ورثے کے مقامات یا غیر رضاکارانہ نقل مکانی کے حوالے سے کسی بھی اہم منفی اثرات کی توقع نہیں ہے۔ منظور شدہ اسکریننگ سے اس بات کی تصدیق ہوئی ہے کہ گیبیئن بند کی تعمیر کے لیے استعمال ہونے والی زمین سرکاری محکمہ کی ملکیت ہے ، جبکہ سیلاب سے بچاؤ کے حفاظتی پشتوں کی تعمیر کے لیے استعمال ہونے والی زمین مقامی کمیونٹی کی ملکیت ہیں اور انہی کی ملکیت رہیں گی، اور زمین کے حصول یا مقامی لوگ کی منتقلی کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ ای ایس ایم پی منصوبہ سازی و ڈیزائن، خریداری (پریکیورمنٹ)، تعمیر سے قبل کے مرحلے، تعمیراتی کام، آپریشن اور دیکھ بھال (مینٹیننس) سمیت پروجیکٹ کے پورے دورانیے کے دوران نشاندہی شدہ ماحولیاتی اور سماجی خطرات سے بچنے، انہیں کم کرنے اور ان کا انتظام سنبھالنے کے لیےبچاؤ تاور نگرانی کے اقدامات بتاتا ہے۔ مزید برآں، یہ ماحولیاتی اور سماجی تحفظات کے مؤثر نفاذ کو یقینی بنانے کے لیے ادارہ جاتی کردار اور ذمہ داریوں، ماحولیاتی اور سماجی نگرانی کے تقاضوں، سٹیک ہولڈرز کی شمولیت اور شکایات کے ازالے کے طریقہ کار، ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے طریقہ کار، پیشہ ورانہ صحت و سلامتی کے تقاضوں، منصوبے میں شامل مزدوروں سے متعلق انتظامی طریقۂ کار اور رپورٹنگ کے انتظامات کی وضاحت کرتا ہے۔

ای ایس ایم پی کی یہ دستاویز مختلف ابواب پر مشتمل ہے۔ باب 1 ضروری تعارف اور پروجیکٹ کی تفصیل فراہم کرتا ہے، جس میں ESMP کی منطق، دائرہ کار (اسکوپ) اور پروجیکٹ کی اہم تفصیلات بیان کی گئی ہیں۔ **باب 2** پروجیکٹ کے لیے **قانونی فریم ورک کی ترتیب** اور قابلِ اطلاق ماحولیاتی و سماجی حفاظتی پالیسیوں کا جائزہ

پیش کرتا ہے۔ اس میں پاکستان کے قومی اور صوبائی قوانین کے ساتھ ساتھ WWF کی **حفاظتی مربوط پالیسیوں اور طریقۂ کار (SIPP)** کو بھی شامل کیا گیا ہے، تاکہ پروجیکٹ پر لاگو قانونی، ماحولیاتی اور سماجی تقاضوں کو واضح کیا جا سکے۔
۔ باب 3 ESMP کے تحت احاطہ کیے گئے اہم خطرات کی نشاندہی کرتا ہے، جیسے کہ سیکورٹی، زمین کی ملکیت ، اور سٹیک ہولڈرز کی شمولیت کے خطرات۔ باب 4 بنیادی ماحولیاتی اور سماجی اعداد و شمار (بیس لائن ڈیٹا) بتاتا ہے، جس میں متأثرہ ایکو سسٹم، قبائلی لوگوں کا باہمی ربط، اور علاقے کی سیکورٹی صورتحال کی تفصیلات شامل ہیں۔ خطرات میں کمی کے لیے مخصوص منصوبے درج ذیل ابواب میں پیش کیے گئے ہیں: باب 5 بنیادی ماحولیاتی اور سماجی انتظامی منصوبے کا احاطہ کرتا ہے، جس میں منصوبے پر عمل درآمد کے دوران اہم اثرات، ان سے بچاؤ کے اقدامات اور نگرانی کے اشاریوں کی تفصیل دی گئی ہے؛ باب 6 سٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور شمولیت پر مرکوز ہے، جس میں نشاندہی شدہ فریقین، مشاورت کے عمل، اور کمیونٹی کے معززین کے ساتھ رضا مندی سے مسلسل مشاورت اور رابطہ سکی حکمت عملی کا احاطہ کیا گیا ہے؛ باب 7 ESMP کا نفاذ کا طریقہ کار، نگرانی کا منصوبہ اور رپورٹنگ؛ باب 8 سیکورٹی کا انتظامی منصوبہ؛ اور باب 9 پروجیکٹ کے شکایات کے ازالے کے طریقہ کار (GRM) کے ڈھانچے اور رسائی کے ذرائع کا جائزہ فراہم کرتا ہے۔

ESMPکے ساتھ منسلک ضمیمے اس دستاویز کا لازمی حصہ ہیں اور ان پر یہاں بیان کردہ تدارکی تدابیر، نگرانی کے تقاضوں، ادارہ جاتی انتظامات اور رپورٹنگ کے طریقہ کار کے ساتھ ملا کر عمل درآمد کیا جائے گا۔

ESMPکا نفاذ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ مجوزہ گرین انفراسٹرکچر اقدامات کی منصوبہ سازی ، تعمیر، آپریشن اور دیکھ بھال (مینٹیننس) ماحولیاتی طور پر پائیدار اور سماجی طور پر ذمہ دارانہ انداز میں کی جائے، جبکہ موسمیاتی توازن/مدافعت (کلائمیٹ ریزیلینس) کو فروغ دیا جائے اور متأثرہ لوگوں کے ذرائع معاش اور فلاح و بہبود کا تحفظ کیا جائے۔

سیکشن 1:

1.1 تعارف

یہ ماحولیاتی و سماجی انتظامی منصوبہ (ESMP) منصوبے کے تحت مجوزہ سرگرمیوں سے وابستہ ممکنہ ماحولیاتی اور سماجی خطرات اور اثرات کی نشاندہی کرنے، اور ان کے مؤثر تدارک، نگرانی اور انتظام کے لیے مناسب اقدامات متعین کرنے کی غرض سے تیار کیا گیا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد ریچارج پاکستان کے ماحولیاتی و سماجی انتظامی فریم ورک (ESMF)، متعلقہ قومی و صوبائی قوانین و ضوابط، اور گرین کلائمیٹ فنڈ (GCF) کے تقاضوں کی مکمل پاسداری کو یقینی بنانا ہے ۔ یہ منصوبہ سیلاب سے بچاؤ کےحفاظتی پشتوں اور 5 گیبیئن بندکی منظور شدہ ESS اسکریننگ رپورٹس کی روشنی میں مرتب کیا گیا ہے، جس میں ان کے نشاندہی کردہ خطرات، تجویز کردہ تدارکی تدابیر، اور نتائج کو شامل کیا گیا ہے تاکہ سیف گارڈ اسکریننگ کے عمل اور یہاں تجویز کردہ انتظامی اقدامات کے درمیان ہم آہنگی کو یقینی بنایا جا سکے۔

یہ ماحولیاتی اور سماجی انتظامی منصوبہ" ریچارج پاکستان پروجیکٹ" کے تحت "سرگرمی 1.2.1 – سیلاب کے خطرے میں کمی کے لیے گرین انفراسٹرکچر کے اقدامات کی ڈیزائننگ اور نفاذ" کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ یہ ESMP ضلع ڈیرہ اسماعیل خان، خیبر پختونخوا میں درج ذیل زیلی منصوبوں کا احاطہ کرتا ہے:

- **ذیلی سرگرمی 1.2.1.2 – پنیالہ اور وانڈہ لوہانی میں 3 عدد سیلاب سے بچاؤ کے حفاظتی پُشتوں کی تعمیر، اور**
- **ذیلی سرگرمی 1.2.1.4 – عبداللہ خیل، شاہ حسن خیل-1، شاہ حسن خیل-2، کٹا خیل اور وانڈہ شہبازی میں 5 عدد گیبیئن بندکی تعمیر**

تجویز کردہ ذیلی منصوبے "ریچارج پاکستان پروجیکٹ" کا حصہ ہیں، جس کا مقصد ڈیرہ اسماعیل خان، رامک، منچھر، اور چاکر لہڑی واٹر شیڈز میں سیلاب اور آبی وسائل کے مربوط انتظام کے لیے ایکو سسٹم پر مبنی موافقت (EbA) اور گرین انفراسٹرکچر (GI) کے ذریعے موسمیاتی تبدیلی کے خطرات سے نمٹنے کے لیے پاکستان کی مدافعت اور صلاحیت کو بڑھانا ہے۔ ریچارج پاکستان پروجیکٹ کے لیے گرین کلائمیٹ فنڈ (GCF) کی جانب سے 72.9 ملین امریکی ڈالر کا بجٹ فراہم کیا گیا ہے اور اسے درمیانے درجے کے خطرے (کیٹیگری B)کا پروجیکٹ قرار دیا گیا ہے۔

تجویز کردہ 3 سیلاب سے بچاؤ کے حفاظتی پُشتےاور 5 گیبیئن بند (Gabion Bunds) قدرتی ماحول پر مبنی گرین انفراسٹرکچر کے ایسے اقدامات ہیں جنہیں موسمی پہاڑی برساتی نالوں سے جڑے سیلابی خطرات کو کم کرنے، قدرتی نکاسی کے راستوں کو مستحکم کرنے، مٹی کے کٹاؤ اور تیز بہاؤ کو کم سے کم کرنے، زرعی زمین اور کمیونٹی کے انفراسٹرکچر کی حفاظت کرنے، اور موسمیاتی تبدیلیوں کی وجہ سے آنے والے سیلاب کے مقابلے میں مقامی لوگوں کی مدافعت اور صلاحیت کو بہتر بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اہم تعمیری سرگرمیوں میں سروے اور جگہ کی نشان دہی، کھدائی اور مٹی کے کام(Earthworks) ، گیبیئن bund کی تعمیر، تعمیری سامان کی نقل و حمل اور ذخیرہ کرنا، تعمیری مشینری اور ساز و سامان کا استعمال، کھودی گئی مٹی کے عارضی ڈھیر لگانا، سائیٹ کی بحالی، اور کام کی تکمیل کے بعد متاثرہ علاقوں کو اپنی اصلی حالت میں لانا شامل ہوں گے۔

1.2 پروجیکٹ کی تفصیل

ریچارج پاکستان پراجیکٹ پاکستان میں موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات سے نمٹنے کی کوشش کرتا ہےجو آب و ہوا کے خطرات سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک میں پانچویں نمبر پر ہے ۔ پروجیکٹ کا بنیادی مقصد ای بی اے اور گرین انفراسٹرکچر کے ذریعے سیلاب کے پانی اور پہاڑی سیلابی پانی کے انتظام کو بہتر بنانا ہے، ایسی مربوط آبی منصوبہ سازی کی طرف بڑھنا ہے جو کمیونٹی کے زیادہ سے زیادہ فوائد کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ سندھ طاس کے تحفظ کے لیے موزوں اور پائیدار حل فراہم کرے

پروجیکٹ تین اہم اجزاء پر مشتمل ہے:

جزو 1: پاکستان میں سیلاب اور خشک سالی کے خطرات میں کمی کے لیے ای بی اے (EbA) اور گرین

انفراسٹرکچر کے مؤثر اور قابلِ عمل حل کےلیے ثبوت (Proof of Concept) کے طور پر یہ سرگرمیاں تجویز کی گئی ہیں

جزو 2: پاکستان میں ای بی اے (EbA) اور گرین انفراسٹرکچر کی جانب سوچ اور طریقۂ کار میں بنیادی تبدیلی کو فروغ دینا

جزو 3: پاکستان کے سندھ طاس میں کمیونٹی کی مدافعت میں اضافہ اور ای بی اے (EbA) اور گرین انفراسٹرکچر پر مبنی اقدامات کو فروغ دینا ۔

یہ منصوبہ پاکستان میں چار مقامات پر لاگو کیا جائے گا: منچھر، چاکر لہری، ڈی آئی خان، اور رامک۔ WWF-Pakistan پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PMU) کی میزبانی کرنے والا سب سے بڑا ادارہ ہے جو پراجیکٹ کے یومیہ انتظام کے لیے ذمہ دار ہے۔

1.3 مطالعہ کیلئےد لائل

یہ ESMP خاص طور پر "سرگرمی 1.2.1. کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے: پانیالہ اور وُنڈہ لوہانی میں 3 سیلاب سے بچاؤ کے حفاظتی پُشتوں (فلڈ پروٹیکشن ایمبینکمنٹس) کی تعمیر پر مشتمل ذیلی سرگرمی 1.2.1.2 اور عبدالخیل، شاہ حسن خیل-1، شاہ حسن خیل-2، کٹہ خیل، اور وُنڈہ شہبازی میں 5 گیبیئن بن کی تعمیر پر مشتمل ذیلی سرگرمی 1.2.1.4 کا احاطہ کرتے ہوئے، سیلاب کے خطرے میں کمی کے لیے گرین انفراسٹرکچرکے اقدامات کا ڈیزائن اور نفاذ۔

اس مطالعے کا جواز مجوزہ منصوبونکے لیے کیے گئے انجینئرنگ کے معائنہ جات اور ماحولیاتی و سماجی جانچ کے عمل کے دوران نشان دہی شدہ جگہ کے مخصوص ماحولیاتی اور سماجی مسائل کو حل کرنے کی ضرورت سے پیدا ہوتا ہے۔ بنیادی ماحولیاتی خدشات میں عارضی طور پر گرد و غبار اور شور کا پیدا ہونا، کھدائی اور مٹی کے کام کے دوران مٹی کا متاثر ہونا، مقامی سطح پر کٹاؤ، تعمیری ملبے کا پیدا ہونا، اور ایندھن و تیل کے غیر مناسب استعمال سے مٹی اور پانی کی آلودگی کا خدشہ شامل ہے۔

تکنیکی و انجینئرنگ جائزہ سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ سیلاب سے بچاؤ کی حفاظتی پشتے اور گیبیئن بند تکنیکی لحاظ سے درست ہیں اور سیلاب کے خطرات کو کم کرنے، ندی نالوں کے کٹاؤ کو کم سے کم کرنے، مٹی کے بہاؤ کو کنٹرول کرنے، عارضی برساتی نالوں کو مستحکم بنانے، اور نچلے علاقے کی زرعی زمینوں و مقامی لوگ کے لئے بنیادی ڈھانچے کی حفاظت کے لیے موثر ہیں۔ نفوذ پذیر گیبیئن بند اس انداز میں ڈیزائن کیے گئے ہیں کہ وہ پانی کے بہاؤ کی رفتار کو منظم رکھیں اور مٹی کو روکے رکھیں جبکہ نالوں کے ذریعے قدرتی بہاؤ کو گزرنے دیں، جبکہ حفاظتی پُشتے اس طرح ڈیزائن کیے گئے ہیں کہ وہ قدرتی بہاؤ کے نظام کو تبدیل کیے یا پانی کے اخراج میں اضافہ کیے بغیر موسمی پہاڑی نالوں کے بہاؤ کو محفوظ طریقے سے محدود اور منتقل کر سکیں۔

گیبیئن بند کے منصوبوں کی ابتدائی ماحولیاتی و سماجی اسکریننگ رپورٹ میں ماحولیاتی اثرات کی جامع رپورٹ (EIA) تیار کرنے کی سفارش کی گئی تھی۔ اس سفارش کا دوبارہ جائزہ منظور شدہ ماحولیاتی و سماجی انتظامی فریم ورک(ESMF) ، خیبر پختونخوا کے متعلقہ قوانین و ضوابط، اسکریننگ رپورٹس کی سفارشات، اور منصوبوں کے حتمی فنی و تکنیکی دائرۂ کار کو مدنظر رکھتے ہوئے لیا گیا ہے۔
منظور شدہ ای ایس ایم ایف (ESMF) کے "ضمیمہ 3: پاکستان کے متعلقہ سماجی و ماحولیاتی قوانین اور ضوابط" کے مطابق، مجوزہ اقدام/منصوبے کا خیبر پختونخوا انوائرنمنٹل پروٹیکشن ایکٹ 2014 اور ایکٹ کی دفعہ 13 کے ساتھ ملا کر پڑھی جانے والی دفعہ 31 کے تحت حکومتِ خیبر پختونخوا کے جاری کردہ خیبر پختونخوا انوائرنمنٹل اسسمنٹ رولز 2021 کی روشنی میں جائزہ لیا گیا۔

خیبر پختونخوا انوائرنمنٹل اسسمنٹ رولز 2021 کے 'شیڈول II (رول 4)' کے تحت، تفصیلی ماحولیاتی اثرات کے جائزے (ای آئی اے) کی ضرورت صرف مخصوص زمرے کے منصوبوں کے لیے ہوتی ہے۔ 'سیکشن - E واٹر مینجمنٹ، ڈیمز اینڈ ایریگیشن' کے تحت، ای آئی اے (EIA) کی شرط ایسے ڈیموں اور ذخائر آب پر لاگو ہوتی ہے جو درج ذیل میں سے کسی بھی حد کو پورا کرتے ہوں یا اس سے زیادہ ہوں:

- ذخیرہ کرنے کا حجم 50 ملین کیوبک میٹر سے زیادہ ہو، یا
- گرین انفراسٹرکچر کی سطح کا رقبہ 8 مربع کلومیٹر یا اس سے زیادہ ہو۔

مجوزہ گیبیئن بند کے منصوبے سیلاب کے خطرے میں کمی اور پانی کے عارضی ذخیرے کے لیے مقامی سطح کے گرین انفراسٹرکچرکے اقدامات کے طور پر ڈیزائن کیے گئے ہیں۔ مجموعی طور پر، پانچوں گیبیئن بند سیلاب کے دنوں میں اندازاً تقریباً 155,200 کیوبک میٹر پانی کے عارضی ذخیرے کی صلاحیت فراہم کریں گے اور تقریباً 50,687 مربع میٹر (0.051 مربع کلومیٹر) کے رقبے پر محیط ہوں گے۔

یہ اعداد و شمار خیبر پختونخوا انوائرنمنٹل اسسمنٹ رولز 2021 کے شیڈول II کے تحت مقرر کردہ قانونی حدود سے نمایاں طور پر کم ہیں۔ لہٰذا، مجوزہ منصوبے کی نوعیت، پیمانے اور تکنیکی خصوصیات کی بنیاد پر، گیبیئن بند کے لیے مکمل ماحولیاتی اثرات کے جائزے (ای آئی اے) کی تیاری کی شرط لاگو نہیں ہوتی۔

مزید برآں، منظور شدہ ماحولیاتی اور سماجی اسکریننگ رپورٹس اس بات کی نشاندہی کرتی ہیں کہ گیبیئن بند کی تعمیر سے جڑے متوقع مقامی ماحولیاتی اور سماجی خطرات ، مخصوص جگہ تک محدود، عارضی اور بنیادی طور پر تعمیری مرحلے سے متعلق ہیں۔ اسکریننگ کے دوران جن ممکنہ اثرات کی نشاندہی کی گئی ان میں عارضی طور پر مٹی کا کٹاؤ، گرد و غبار کا پیدا ہونا، شور، پیشہ ورانہ اور مقامی برادری کی صحت و حفاظت کے لئے خطرات، مزدوروں سے متعلق مسائل، اور پانی کے بہاؤ کے انداز و مقامی جغرافیائی ساخت میں محدود تبدیلی شامل ہیں۔ ان ممکنہ اثرات کا اندازہ پہلے سے لگایا جا سکتا ہے اور مناسب تدارکی و انتظامی اقدامات کے ذریعے ان سے مؤثر طور پر نمٹا جا سکتا ہے۔ ، اور یہ ایسے اہم، ناقابلِ تلافی، مجموعی یا بڑے پیمانے کے ماحولیاتی اثرات نہیں ہیں جن کے لیے مکمل ای آئی اے کی ضرورت ہو۔

مزید برآں، اسکریننگ کے نتائج کسی ایسے اہم ماحولیاتی یا سماجی مسئلے کی نشان دہی نہیں کرتے جس کے لیے الگ سے ای آئی اے (EIA) مطالعے کی ضرورت ہو۔ مجوزہ منصوبوں سے کسی بھی حساس قدرتی رہائش گاہوں،محفوظ شدہ علاقوں (پروٹیکٹڈ ایریاز)، ماحولیاتی لحاظ سے حساس نظامِ قدرت ، ثقافتی ورثے کے وسائل، یا سماجی طور پر حساس علاقوں پر منفی اثرات مرتب ہونے کی توقع نہیں ہے۔ اسکریننگ سے اس بات کی تصدیق ہوئی ہے کہ متوقع اثرات محدود پیمانے پر، عارضی مدت کے لیے ہیں اور مقرر کردہ تحفیفی اقدامات کے ذریعے ان کا مؤثر طریقے سے انتظام کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے کسی ایسے اہم ماحولیاتی یا سماجی عوامل کی نشان دہی نہیں ہوئی ہے جس کے لیے ای آئی اے کے عمل کے ذریعے زیادہ جامع جائزے کی ضرورت ہو۔

اسی لیے، اسکریننگ رپورٹ میں ای آئی اے کا سابقہ حوالہ بعد میں کیے گئے قانونی و ضوابطی جائزے اور حتمی ڈیزائن کی تصدیق کی روشنی میں سمجھا جانا چاہیے۔ موجودہ قانونی تقاضوں، مجوزہ منصوبے کے حجم اور نوعیت، اور منظور شدہ اسکریننگ رپورٹس کے نتائج کو مدنظر رکھتے ہوئے، اس منصوبے کے لیے موزوں ماحولیاتی و سماجی حفاظتی دستاویز سائٹ کے لیے مخصوص ماحولیاتی و سماجی انتظامی منصوبہ (ESMP) ہے، جس میں ضروری انجینئرنگ جائزے اور تدارکی اقدامات بھی شامل ہیں ۔

یہ تعین کہ الگ سے ای آئی اے (EIA) کی ضرورت نہیں ہے، منصوبے کو ماحولیاتی اور سماجی ذمہ داریوں کی ضروریات سے مستثنیٰ نہیں کرتا۔ اس کے برعکس، تمام نشان دہی شدہ ماحولیاتی اور سماجی خطرات کا انتظام ریچارج پاکستان پروجیکٹ کے 'ماحولیاتی اور سماجی تحفظات کے فریم ورک' کے تحت منظور شدہ ای ایس ایم پی(ESMP) ، انجینئرنگ کے جائزوں اور ڈیزائن کے جواز، پیشہ ورانہ صحت و حفاظت کی تدابیر، لیبر مینجمنٹ کے طریقہ کار، سٹیک ہولڈرز کی شمولیت و مشاورت کے عمل، مقامی لوگوں کی رضا مندی ، صنفی بنیاد پرتشدد (GBV) اور جنسی استحصال، بدسلوکی و ہراسانی (SEA/SH)کے خطرات میں کمی کے اقدامات، شکایت کے ازالے کے طریقہ کار، اور باقاعدہ نگرانی و رپورٹنگ کی ضروریات کے ذریعے عمل کیا جائے گا۔ ای ایس ایم پی میں شامل تحفیفی اقدامات، انتظامی منصوبے اور نگرانی کی ضروریات کو پروجیکٹ کے پورے دورانیے کے دوران گیبیئن بند کے مجوزہ منصوبوں اور ان کے مقامات کے ماحولیاتی و سماجی پہلوؤں کی حفاظت کے لیے مناسب اور کافی سمجھا جاتا ہے۔ اسی مناسبت سے، ریگولیٹری جائزہ اور منظور شدہ ماحولیاتی و سماجی جانچ کے نتائج دونوں اس نتیجے کی تائید کرتے ہیں کہ گیبیئن بند کے مجوزہ منصوبوں کے لیے الگ سے ماحولیاتی اثرات کے جائزے (EIA) کی ضرورت نہیں ہے۔

یہ ماحولیاتی اور سماجی انتظامی منصوبہ (ESMP) مجوزہ اقدامات کی منصوبہ سازی، خریداری، تعمیر، آپریشن/عمل اور دیکھ بھال کے تمام مراحل کے دوران متوقع ماحولیاتی اور سماجی اثرات سے بچاؤ، انہیں کم سے کم کرنے اور ان کے تدارک کے لیے ایک فریم ورک فراہم کرتا ہے، جبکہ ماحولیاتی طور پر پائیدار عمل درآمد کو فروغ دیتا ہے اور ایکو سسٹم سروسز اور طویل المدتی واٹر شیڈ کی پائیداری کو بہتر بناتا ہے۔ یہ پروجیکٹ کے دوران پی ایم یو(PMU) ، محکمہ آبپاشی، ڈیزائن اینڈ سپرویژن کنسلٹنٹ، ٹھیکیداروں اور دیگر عمل درآمد کرنے والے شراکت داروں کے لیے ایک عملی ٹول کے طور پر کام کرتا ہے۔ اس ESMP کی ضرورت سیلاب سے بچاؤ کے 3 حفاظتی پشتوں اور 5 گیبیئن بندکی منظور شدہ ماحولیاتی و سماجی اسکریننگ رپورٹس سے مزید واضح ہوتی ہے ، جن سے یہ تصدیق ہوئی ہے کہ اگرچہ ان سرگرمیوں سے طویل مدت میں نمایاں ماحولیاتی اور سماجی فوائد متوقع ہیں، تاہم تعمیر کے دوران پیدا ہونے والے عارضی اثرات کو کم کرنے کے لیے مناسب تدارکی اقدامات، باقاعدہ نگرانی اور ادارہ جاتی انتظام ضروری ہے، تاکہ متعلقہ حفاظتی تقاضوں پر مکمل عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے

1.4 ESMP کا دائرہ کار

یہ ماحولیاتی اور سماجی انتظامی منصوبہ (ESMP) ریچارج پاکستان پروجیکٹ کی سرگرمی 1.2.1 کے تحت پانیالہ اور ؤنڈہ لوہانی مینسیلاب سے بچاؤ کے 3 حفاظتی پُشتوں اور عبدالخیل کے علاقے میں 5 گیبیئن بن کے ڈیزائن، خریداری، تعمیر سے پہلے کے مرحلے، تعمیر، آپریشن اور دیکھ بھال سے متعلق ممکنہ ماحولیاتی اور سماجی اثرات سے نمٹنے کے لیے اصولوں، طریقہ کار اور تحفیفی اقدامات کی نشاندہی کرتا ہے۔ یہ ای ایس ایم پی پاکستان کے نافذ العمل قوانین و ضوابط، ریچارج پاکستان کے ماحولیاتی و سماجی انتظامی فریم ورک(ESMF) ، اور ڈبلیو ڈبلیو ایف-یو ایس (WWF-US) کی سیف گارڈز انٹیگریٹڈ پالیسیوں اور طریقہ کار (SIPP) کے مطابق تیار کیا گیا ہے۔

اس ESMP کے دائرہ کار میں شامل ہیں:

1.4.1 ماحولیاتی دائرہ کار

- **تعمیری ملبے کے انتظامی منصوبے کی تیاری اور عمل درآمد :**کھدائی شدہ مواد، تعمیری ملبے اور دیگر ملبے کو محفوظ طریقے سے سنبھالنے، ذخیرہ کرنے، دوبارہ استعمال کرنے اور تلف کرنے کے لیے 'کنسٹرکشن ویسٹ مینجمنٹ پلان' کی تیاری اور اس پر عمل درآمد۔
- **کٹاؤ اور مٹی کے بہاؤ کو روکنے کے تفصیلی اقدامات :**منظور شدہ انجینئرنگ ڈیزائن کے مطابق ٹھیکیدار کی جانب سے مٹی کے کٹاؤ اور بہاؤ کو روکنے کے تفصیلی اقدامات کی فراہمی، بشمول بند کے ڈھلوانوں، گیبیئن بند کی بنیادوں اور تعمیر کے دوران متاثرہ علاقوں کا تحفظ۔
- **گرد و غبار، شور اور آلودگی پر قابو پانے کے تدابیر :**گرد و غبار، شور اور فضائی آلودگی کو کنٹرول کرنے کے لیے اقدامات کو اپنانا، اور ایندھن، تیل (لیوبریکنٹس) اور تعمیری سامان کی درست دیکھ بھال کے ذریعے قریبی نالوں کو آلودگی سے بچانا۔
- **سینیٹیشن اور بیت الخلاء کی مناسب سہولیات :**ماحولیاتی آلودگی سے بچاؤ کے لیے مزدوروں کے لیے سینیٹیشن اور بیت الخلاء (لیٹرین) کی مناسب سہولیات کی فراہمی۔
- **مزدوروں کی صحت اور حفاظت کے اقدامات :**مزدوروں کی صحت و حفاظت سے متعلق اقدامات کا نفاذ، بشمول ذاتی حفاظتی سامان (PPE) کی فراہمی اور سائٹ کے مخصوص و مقامی خطرات کے بارے میں تربیت۔

1.4.2 سماجی دائرہ کار

- **تعمیر سے قبل متعلقہ فریقین سے مشاورت :**تعمیر کا کام شروع ہونے سے پہلے متعلقہ فریقین کے ساتھ مشاورت کا انعقاد اور منصوبے پر عمل درآمد کے دوران متاثرہ مقامی لوگوں کے ساتھ مسلسل رابطہ برقرار رکھنا۔
- **پیشہ ورانہ صحت کے خطرات کا انتظام :**شدید گرمی ، گرد و غبار، شور، متعدی بیماریوں، مقامی جنگلی حیات، اور خطے میں عام پھیلنے والی بیماریوں (جیسے ملیریا اور اسہال/ڈائریا) کے خطرات کا انتظام، بالخصوص غیر مقامی مزدوروں کے لیے۔
- **مزدوروں کی صحت اور حفاظت کے پروٹوکولز پر عمل درآمد :**مزدوروں کی صحت اور حفاظت کے پروٹوکولز کا نفاذ، بشمول مناسب حفاظتی سامان کی فراہمی اور سائٹ کے مخصوص و مقامی خطرات کے بارے میں تربیت۔

- **تعمیری سائٹس کی محفوظ دیکھ بھال اور سیکیورٹی :**قریبی مقامی لوگوں (اگر کوئی ہوں) کی حفاظت کے لیے معلوماتی/خبردار کرنے والے سائن بورڈز، رکاوٹیں اور محدود رسائی کے اقدامات کے ذریعے تمام تعمیری سائٹس کی مکمل حفاظت کو یقینی بنانا۔ مقامی سرکاری اہلکاروں، انجینئرنگ فرم، مقامی مزدوروں اور دیگر متعلقہ فریقین کے لیے صنفی تشدد اور جنسی استحصال، بدسلوکی و ہراسانی (GBV/SEAH) کا لازمی تربیتی منصوبہ۔ منصوبے پر عمل درآمد کے دوران سائٹ کے مخصوص سیکیورٹی خطرات سے نمٹنے کے لیے 'سیکیورٹی مینجمنٹ پلان' کی تیاری اور عمل درآمد۔
- **شکایت کے ازالے کے طریقہ کار (GRM) کا نفاذ :**مزدوروں اور متاثرہ مقامی لوگوں کی آسان رسائی کے لیے شکایت کے ازالے کے طریقہ کار (گریوینس ریڈریس میکانزم) کا عملی نفاذ۔

1.5 ESMPتیار کرنے کا طریقہ

اس ماحولیاتی و سماجی انتظامی منصوبے (ESMP) کی تیاری کے لیے ماحولیاتی و سماجی جائزہ (Environmental and Social Assessment)کرنے کے لیے درج ذیل طریقۂ کار اپنایا گیا ہے

(Desk Review) :منصوبے کی تمام اہم دستاویزات کا تفصیلی اور جامع جائزہ لیا گیا، جن میں فنڈنگ پروپوزل' ریچارج پاکستان' کا ماحولیاتی اور سماجی انتظامی فریم ورک(**ESMF**) ، ڈبلیو ڈبلیو ایف - یو ایس (**WWF-US**) کی تحفظاتی مربوط پالیسیاں اور طریقہ کار(**SIPP**) ، انجینئرنگ ڈیزائن رپورٹس(**DPRs**) ، اور ماحولیاتی و سماجی تحفظات سے متعلق دیگر متعلقہ پالیسیاں شامل ہیں۔

ماحولیاتی اور سماجی اسکریننگ :تجویز کردہ سرگرمیوں کی ماحولیاتی و سماجی اسکریننگ کی گئی، جس کے نتائج کا متعلقہ حکام نے جائزہ لے کر منظوری دی۔ ان منظور شدہ نتائج کو متعلقہ انجینئرنگ ڈیزائن، بنیادی معلومات، فریقین سے مشاورت اور قابلِ عمل حفاظتی تقاضوں کے ساتھ مدنظر رکھتے ہوئے اس **ESMP**کی تیاری کی بنیاد بنایا گیا۔ اس میں نشاندہی کیے گئے ممکنہ خطرات، ان میں کمی کے لیے تدارکی اقدامات، نگرانی کی ضروریات اور متعلقہ اداروں کی ذمہ داریاں شامل ہیں ۔

- مجوزہ اقدامات کی موزونیت، ڈیزائن کی ضروریات اور ماحولیاتی پہلوؤں بشمول ان کی ہائیڈرولوجیکل کارکردگی، کٹاؤ کے انسداد، مٹی کےجمع ہونے کے انتظام اور تکنیکی افادیت کو پرکھنے کے لیے انجینئرنگ ڈیزائن کنسلٹنسی فرم نے تکنیکی، ہائیڈرولوجیکل، ہائیڈرولک اور انجینئرنگ کے جائزے لیے۔ اس ESMP کی تیاری سے پہلے، ڈبلیو ڈبلیو ایف-پاکستان اور ڈیزائن اینڈ سپرویژن کنسلٹنٹ نے SIU D.I. Khan کے توسط سے مجوزہ 3 حفاظتی پُشتوں اور 5 گیبیئن بند کے لیے سیر حاصل مشاورت کی، جس میں پنیالہ، وانڈہ لوہانی، کٹہ خیل، عبدالملک خیل (عبدالخیل)، شاہ حسن خیل اور وانڈہ شہبازی کی فائدہ اٹھانے والی کمیونٹیز کے محکمۂ آبپاشی، ضلعی و تحصیل انتظامیہ، مقامی سی بی اوز (CBOs) اور کمیونٹی رہنماؤں کو شامل کیا گیا۔ ان مشاورتی اجلاسوں کے ذریعے منصوبے سے متعلق معلومات، بالخصوص ممکنہ ماحولیاتی و سماجی اثرات، مقام سے متعلق خدشات اور مجوزہ تدارکی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ فریقین کی آراء اور تجاویز کو مدنظر رکھتے ہوئے انجینئرنگ ڈیزائن میں ضروری بہتری کی گئی اور ان تجاویز کو ثقافتی لحاظ سے موزوں، جامع اور مقامی سطح پر قابلِ قبول انداز میں منصوبے میں شامل کیا گیا۔
- ماحولیاتی اور سماجی اسکریننگ نیز انجینئرنگ جائزوں کے نتائج پر فریقین کے ساتھ مشاورتی اجلاسوں کے دوران بحث کی گئی تاکہ ندی نالوں کے کٹاؤ، مٹی کے بہاؤ، تعمیری کام سے پیدا ہونے والے خلل، پیشہ ورانہ صحت و سلامتی اور کمیونٹی کی حفاظت سے متعلق اہم خدشات کی نشاندہی کی جا سکے؛ اور ان نتائج کو انجینئرنگ ڈیزائنوں اور اس ESMP میں پیش کردہ تدارکی تدابیر میں شامل کیا گیا۔
- منصوبے کی ذیلی سرگرمیوں کی سائٹس (جگہ) کا انتخاب انجینئرنگ کی تحقیقات، ماحولیاتی و سماجی اسکریننگ، اور فریقین (سٹیک ہولڈرز) کے ساتھ مشاورت کے بعد کیا گیا تاکہ لوگوں، اراضی اور موجودہ انفراسٹرکچر پر اثرات کو کم سے کم کیا جا سکے، جبکہ سیلاب کے خطرے میں کمی اور ماحولیاتی نظام کی بحالی کے فوائد کو زیادہ سے زیادہ بڑھایا جا سکے۔ اس کے ساتھ ساتھ 'ریچارج پاکستان' کے ESMFاور WWF-USکی SIPPکے مطابق، منصوبہ سازی کے دوران سرکاری ملکیت والی زمین تک رسائی کی تصدیق کی گئی اور مقامی حمایت کی توثیق نیز تنازعات سے پاک عملدرآمد کو آسان بنانے کے لیے کمیونٹی

کے ساتھ مشاورت کی گئی۔ مشاورتی عمل نے منصوبے کے پورے دورانیے کے دوران فریقین سے مسلسل رابطے کی بنیاد رکھ دی ہے۔ موثر مواصلات، کمیونٹی کی شمولیت اور منصوبے سے متعلق مسائل کے بروقت حل کو ممکن بنانے کے لیے عملدرآمد کے دوران کمیونٹی پر مبنی تنظیموں(CBOs) ، کمیونٹی کے معززین اور متعلقہ سرکاری اداروں سے مسلسل رابطہ برقرار رکھا جائے گا۔ کمیونٹی کنسلٹیشن پلان (سیکشن 6) کے مطابق باقاعدگی سے رابطے کا عمل جاری رکھا جائے گا۔

سیکشن 2: قانونی فریم ورک اور قابل اطلاق ماحولیاتی اور سماجی تحفظ کی پالیسیاں

یہ سرگرمی پاکستان کے قومی اور صوبائی قوانین اور ڈبلیو ڈبلیو ایف کی حفاظتی پالیسیوں کے تحت چلتی ہے۔ جہاں تضادات موجود ہوں، WWF SIPP کے زیادہ سخت معیارات غالب ہوں گے۔ اس حصے (سیکشن) میں پیش کردہ ماحولیاتی اور سماجی تحفظاتی تقاضوں کا اطلاق ان 3 سیلابی حفاظتی پُشتوں اور 5 گیبیئن بند کے لیے تیار اور منظور شدہ 'منصوبہ جات سے متعلق مخصوص ماحولیاتی اور سماجی تحفظاتی (**ESS**) اسکریننگ رپورٹس' کے ذریعے کیا گیا ہے۔ ان اسکریننگ رپورٹس کے نتائج نے اس **ESMP**میں پیش کردہ تدارکی تدابیر، نگرانی کی ضروریات اور ادارہ جاتی انتظامات کی تشکیل میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

2.1 قابل اطلاق قانونی اور ریگولیٹری فریم ورک-انتظام(پاکستان)

- **ماحولیاتی تحفظ:**خیبرپختونخوا (کے پی) ماحولیاتی تحفظ ایکٹ، 2014، ماحولیاتی تحفظ کے لیے بنیادی قانونی بنیاد فراہم کرتا ہے، جس میں ایسے منصوبوں کے لیے جائزوں کی ضرورت ہوتی ہے جو ماحولیاتی اثرات کا سبب بن سکتے ہیں۔
- **آبی وسائل:**پانی صوبائی موضوع ہے، جس کا انتظام 'خیبر پختونخوا کینال اینڈ ڈرینیج ایکٹ (2015)' جیسے فریم ورکس کے تحت کیا جاتا ہے جو پہاڑی ندی نالوں کے نظام کو چلاتے ہیں۔ اس **ESMP**کو اس طرح تشکیل دیا گیا ہے تاکہ پانی کے ان مقامی انتظامی نظاموں کے ساتھ ہم آہنگی اور مطابقت کو یقینی بنایا جا سکے۔
- **انسانی وسائل کی تقرری (بھرتی کا عمل) :**یہ منصوبہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ منتخب کردہ ٹھیکیدار ورکرز اور مزدوروں کی بھرتی کے لیے 'خیبر پختونخوا ریونیو اتھارٹی (KPRA) 'کے لاگو تقاضوں پر، منصوبے کی خریداری (پروکیورمنٹ) کی ضروریات اور متعلقہ لیبر قوانین و ضوابط کے مطابق عمل درآمد کرے۔
- **کام کے حالات (لیبر اینڈ ورکنگ کنڈیشنز) :**اس منصوبے کے لیے 'خیبر پختونخوا انڈسٹریل اینڈ کمرشل ایمپلائمنٹ (سٹینڈنگ آرڈرز) ایکٹ 2013' اور 'خیبر پختونخوا آکیوپیشنل سیفٹی اینڈ ہیلتھ ایکٹ 2022' کی پاسداری لازمی ہے؛ تاکہ مناسب اجرتوں اور محفوظ ماحول کی فراہمی کو یقینی بنایا جا سکے اور چائلڈ لیبر (مزدور بچوں) پر مکمل پابندی لگائی جا سکے۔ تدارکی تدابیر ان لیبر قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بناتی ہیں۔
- **مقامی زمین اور مقامی لوگوں کے حقوق و مفادات** :اگرچہ منصوبے کے تحت نجی اراضی کے حصول کی کوئی ضرورت نہیں ہے، تاہم مشترکہ اراضی) شاملات (کے کسی بھی عارضی استعمال کے دوران روایتی استعمال کے حقوق اور مقامی لوگوں کے اجتماعی حقوق کا مکمل احترام کیا جائے گا۔ ڈرینیج ایکٹ کے تحت گیبیئن بند سرکاری اراضی پر واقع ہیں، لہٰذا ان کے لیے محکمۂ آبپاشی سے (NoC) حاصل کی گئی ہے۔ تاہم، وانڈہ لوہانی میں سیلاب سے بچاؤ کے حفاظتی پشتے مشترکہ) شاملات (اراضی پر واقع ہیں، اس لیے محکمۂ آبپاشی اور مقامی مقامی لوگوں کے درمیان شرائطِ شراکت (ToP) طے کرکے دستخط کیے گئے ہیں، اور متعلقہ دستاویز کو اس ESMPکا حصہ بنایا گیا ہے ۔

2.2: (WWF SIPP) قابل اطلاق ماحولیاتی اور سماجی معیارات

تجویز کردہ سیلابی حفاظتی پُشتوں اور گیبیئن بندکے لیے کی جانے والی ماحولیاتی اور سماجی اسکریننگ کے نتیجے میں **WWF-US**کی 'تحفظاتی مربوط پالیسیوں اور طریقہ کار (**SIPP**) 'کی درج ذیل قابلِ اطلاق پالیسیوں کی نشاندہی کی گئی ہے:

-

- **قدرتی رہائش گاہوں کے تحفظ کا معیار :(Standard on Protection of Natural Habitats)** یہ معیار عارضی ندی نالوں اور پہاڑی ندی نالوں (رود کوہی) کے ماحولیاتی نظام میں تعمیری سرگرمیوں کے باعث لاگو ہوتا ہے، جس سے قدرتی نباتات، ندی کے کناروں اور ان سے منسلک قدرتی مسکنوں کو عارضی طور پر نقصان پہنچ سکتا ہے۔ تعمیری کام کے بعد عارضی طور پر متاثرہ علاقوں کی بحالی کے لیے مناسب تدارکی تدابیر کو شامل کیا گیا ہے۔

- **لیبر اور کام کے حالات کا معیار (Standard on Labour and Working Conditions):** یہ معیار ٹھیکیداروں اور تعمیری کام میں مشغول مزدوروں کے باعث لاگو ہوتا ہے، جس کے تحت پیشہ ورانہ صحت و سلامتی کے اقدامات، منصفانہ لیبر طریقہ کار، مناسب ذاتی حفاظتی سامان (**PPE**) کی فراہمی اور متعلقہ لیبر قوانین کی پاسداری لازم ہے۔
- **کمیونٹی کی صحت، سلامتی اور تحفظ کا معیار (Standard on Community Health, Safety, and Security):** یہ معیار تعمیری کاموں کے خطرات (کھدائی، بھاری مواد کا استعمال)، مقامی بیماریوں (ملیریا) کے سامنے مزدوروں کے تحفظ کے خدشات، اور ڈیرہ اسماعیل خان خطے میں عمومی سلامتی کے امور کے باعث لاگو ہوتا ہے۔
- **شکایات کے ازالے کے نظام کا معیار (Standard on Grievance Redress Mechanism):** منصوبے کا شکایات کے ازالے کا نظام (**GRM**) مکمل طور پر فعال ہے اور موجودہ فریقین (سٹیک ہولڈرز) کو اس سے آگاہ کیا جا چکا ہے۔ اس نظام سے تمام نئے فریقین، بشمول عارضی ورکرز، ٹھیکیداروں اور مزدوروں کو بھی مکمل طور پر باخبر کیا جائے گا۔
- **فریقین کی شمولیت/مشاورت کا معیار (Standard on Stakeholder Engagement):** تمام متعلقہ فریقین کے ساتھ اب تک شفاف اور ہمہ گیر مشاورت کا عمل انجام دیا جا چکا ہے، اور سٹیک ہولڈر انگیجمنٹ پلان (اپینڈکس-6) کے مطابق اقدامات پر عملدرآمد کے دوران بھی اسے اسی طرح جاری رکھا جائے گا۔

سیکشن 3: اس ESMP کے تحت احاطہ کیے گئے بڑے خطرات

یہ **ESMP** ریچارج پاکستان پروجیکٹ کی سرگرمی 1.2.1 کے تحت، پنیالہ اور وانڈہ لوہانی میں 3 سیلابی حفاظتی پُشتوں کی تعمیر اور عبدالخیل، شاہ حسن خیل-1، شاہ حسن خیل-2، کٹہ خیل اور وانڈہ شہبازی میں 5 گیبیئن بند کی تعمیر کے لیے ماحولیاتی اور سماجی اسکریننگ کے عمل سے نشاندہی ہونے والے تمام اہم ماحولیاتی، سماجی، پیشہ ورانہ صحت و سلامتی اور خطرات کے خدشات کو دور کرتا ہے۔

3.1 ماحولیاتی خطرات:

- **مٹی کا کٹاؤ اور زمین کا غیر مستحکم ہونا :**سیلابی حفاظتی پُشتوں اور گیبیئن بند سے متعلق کھدائی، زمین کے کام، اور تعمیری سرگرمیوں کے باعث مقامی سطح پر مٹی کا کٹاؤ، ڈھلوانوں کا عدم استحکام، اور مٹی کا جمع ہونا ہو سکتا ہے؛ خصوصاً بارشوں کے دوران اگر ظاہری سطح والے حصوں کو مناسب تحفظ نہ فراہم کیا جائے۔
- **گیبیئن بندکی تعمیر کے عملی مرحلے (Operational Phase) کے خطرات :**مجوزہ گیبیئن بند کا ڈیزائن کٹاؤ کو روکنے اور پانی کے بہاؤ کو منظم کرنے کی ساخت کے طور پر تیار کیا گیا ہے جو پانی کے بہاؤ کی رفتار کو کم کرتے ہیں، عارضی ندی نالوں کے راستوں کو مستحکم بناتے ہیں، اور اپنی نفوذ پذیر ساخت کے ذریعے پانی کا کنٹرول شدہ گزر ممکن بناتے ہوئے مٹی اور گارے کو روکتے ہیں۔ گیبیئن بند کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے تاکہ وہ طے شدہ سیلابی بہاؤ کو محفوظ طریقے سے آگے منتقل کر سکیں، اور اگر محکمۂ آبپاشی خیبر پختونخوا منصوبے کی مدت کے دوران اور اس کی مکمل ہونے کے بعد اپنے طے شدہ آپریشز اینڈ مینٹیننس (**O&M**)کے انتظامات اور سالانہ O&M بجٹ (جیسا کہ سیکشن 5 میں دیا گیا ہے) کے مطابق باقاعدگی سے ان کی دیکھ بھال اور معائنے کا عمل جاری رکھے، تو ان کی ساخت میں کسی بھی قسم کی ناکامی یا تباہی کے امکانات بہت کم ہیں۔ چونکہ یہ سٹرکچرز structures نفوذ پذیر ہیں، اس لیے ان کا مقصد پانی کا مستقل ذخیرہ بنانا یا قدرتی بہاؤ کے نظام کو تبدیل کرنا نہیں ہے۔
- **سیلابی حفاظتی پُشتوں کی تعمیر کے عملی مرحلے کے خطرات :**مجوزہ سیلابی حفاظتی پُشتوں کو اس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ وہ موسمی پہاڑی ندی نالوں (رود کوہی) کے بہاؤ کو محفوظ طریقے سے محدود اور منظم سمت دیں، جس سے قریبی لوگوں، زرعی زمینوں اور کمیونٹی کے انفراسٹرکچر کو سیلابی خطرات سے بچایا جا سکے۔ ممکنہ عملی خطرات میں پُشتےکی ڈھلوانوں کا کٹاؤ، حساس مقامات پر کٹاؤ یا نچلی سطح کا کٹنا، یا ڈیزائن کی صلاحیت سے زیادہ کی شدید سیلابی صورتحال کے نتیجے میں پہنچنے والا نقصان شامل ہے۔ ان خطرات کا انتظام باقاعدہ معائنے، بروقت دیکھ بھال، اور کسی بھی کٹاؤ یا ساخت کے نقصان کی فوری مرمت کے ذریعے کیا جائے گا۔
- **مٹی /گارے کا بہاؤ :** اگر ظاہری سطح والے حصوں کو مناسب تحفظ فراہم نہ کیا جائے، تو زمین کے اوپر کام اور کھدائی کی سرگرمیاں عارضی طور پر قریبی ندی نالوں میں مٹی اورگارے کے بہاؤ کو بڑھا سکتی ہیں۔ گارے کے بہاؤ کو کم سے کم کرنے اور نچلےعلاقے کی طرف پانی کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے تعمیر کے پورے عرصے کے دوران کٹاؤ اور مٹی کے بہاؤ کو روکنے کی مناسب تدابیر نافذ کی جائیں گی۔
- **ملبے کا غیر مناسب انتظام :**تعمیری ملبا، کھدائی سے نکلنے والا مواد، استعمال شدہ گیبیئن تاریں، پیکنگ کا سامان، اور مزدوروں کا گھریلو ملبا، اگر درست طریقے سے سنبھالا نہ جائے، تو ارد گرد کے ماحول کو آلودہ اور خراب کر سکتا ہے۔ تعمیری اور خطرناک ملبےکی ہینڈلنگ، الگ چھانٹنے(segregation) ، ذخیرہ کرنے، دوبارہ استعمال، نقل و حمل اور تلفی کے تفصیلی طریقے 'ویسٹ مینجمنٹ پلان' (ضمیمہ 2) میں فراہم کیے گئے ہیں۔

تعمیراتی کام کی تکمیل کے بعد **عمل درآمد و دیکھ بھال (O&M) کا ایک جامع منصوبہ** نافذ کیا جائے گا۔ اس منصوبے کے تحت مون سون سے قبل اور بعد میں باقاعدگی سے معائنے کیے جائیں گے، پشتوں اور گیبیئن بند کی حالت اور کارکردگی کا جائزہ لیا جائے گا، اور ضرورت کے مطابق کٹاؤ یا ساختی نقصان کی مرمت کی جائے گی۔ اس کے علاوہ، ندی نالوں میں پانی کے بہاؤ میں رکاوٹ بننے والے ملبے کو بروقت صاف کیا جائے گا اور سیلابی تحفظ و کٹاؤ پر قابو پانے والی

structures کی پائیداری، مؤثر کارکردگی اور طویل مدتی فعالیت کو یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ اور ضرورت کے مطابق دیکھ بھال کی جائے گی۔ ان 5 گیبیئن بندسے طویل مدتی ماحولیاتی فوائد کے حصول کی بھی توقع ہے، جن میں نالوں کے کٹاؤ میں کمی، مٹی کی بہاؤ کو روکنے کی صلاحیت میں اضافہ، زیر زمین پانی کی سطح کی بحالی (گراؤنڈ واٹر ریچارج)، اور موسمی ڈرینیج کے نظام کا استحکام شامل ہے۔ باقاعدہ معائنے اور دیکھ بھال کے عمل سے یہ بات یقینی بنائی جائے گی کہ ان structuresکی تمام عملی مدت کے دوران ان ماحولیاتی فوائد اور خدمات کو طویل مدت تک برقرار رکھا جا سکے ۔

3.2 سماجی خطرات:

- **کمیونٹی اور قبائلی تنازعات :**روزگار کے مواقعوں، منصوبے کے فوائد کی تقسیم، یا بیرونی مزدوروں کو شامل کرنے میں عدم مساوات کا احساس کمیونٹی کے خدشات کو جنم دے سکتا ہے، اگر اس کا انتظام شفاف GRM (شکایات کے ازالے کا نظام)، مشاورت اور مواصلات کے ذریعے نہ کیا جائے۔
- **کمیونٹی کی صحت اور سلامتی :**، اگر کام کے علاقوں کو مناسب طریقے سے محفوظ نہ بنایا جائے. توکھدائی، بھاری مشینری کی نقل و حرکت، مواد کی ترسیل اور سامان کے استعمال پر مشتمل تعمیری سرگرمیاں قریبی رہائشیوں کے لیے عارضی سلامتی کے خطرات پیدا کر سکتی ہیں
- **سیکیورٹی کے خطرات :**ڈیرہ اسماعیل خان کا خطہ سیکیورٹی کی غیر مستحکم صورتحال اور دہشت گردانہ حملوں کی تاریخ رکھتا ہے، جس سے منصوبے کی ٹیم اور مقامی کمیونٹیز کی سلامتی کو خطرہ لاحق ہو سکتا ہے۔

مزدوروں کی بھرتیوں، کام کے حالات، اوور ٹائم کے معاوضے، عدم تفریق، چائلڈ لیبر اور جبری مشقت کی ممانعت، اور ورکرز کی شکایات کے ازالے کے نظام سے متعلق مزدوری کے خطرات کو 'خیبر پختونخوا پیمنٹ آف ویجز ایکٹ، 2013' سے ہم آہنگ 'لیبر مینجمنٹ پروسیجر' (ضمیمہ 9) کے نفاذ کے ذریعے منظم کیا جائے گا۔

3.3 پیشہ ورانہ صحت اور حفاظت کے خطرات (OHS)

1. **تعمیراتی خطرات:** ورکرز کو کھدائی، زمین کے کام(earthworks) ، پتھروں کو گیبیئن کے اندر لگانے اور ٹوکریوں سنبھالنے ، بھاری مشینری کے استعمال، اور سیلابی حفاظتی پُشتوں کی تعمیر سے وابستہ خطرات کا سامنا ہو سکتا ہے۔
2. **صحت کے خطرات:** ورکرز کو گرد و غبار، شدید گرمی، شور، پھیلنے والی بیماریوں، اور نیم بنجر علاقوں میں عام پائے جانے والے زہریلے جانوروں جیسے کہ سانپ اور بچھو کے خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔
3. **گرد و غبار اور ہوا میں معلق ذرات کا سامنا :**مناسب حفاظتی تدابیر کے بغیر زمین کے کاموں اور مواد کی نقل و حمل کے دوران ورکرز کا گرد و غبار اور ہوا میں معلق ذرات سے سامنا ہو سکتا ہے۔
4. **غیر مناسب ذاتی حفاظتی سامان (PPE) اور safety کی تربیت کا فقدان :**مناسبPPE ، سائٹ کی بنیادی معلومات، اور safety کی باقاعدہ تربیت کی عدم فراہمی سے کام کی جگہ پر حادثات امکان بڑھ سکتا ہے۔

3.4 خطرات سے وابستہ ممکنہ نقصانات

تعمیراتی مرحلے کے خطرات میں کھدائی سے پیش آنے والے حادثات، مشینری سے متعلق حادثات، ناقص دیکھ بھال (مرمت)، یا ٹریفک کے نامناسب انتظام اور موسم کی شدید صورتحال شامل ہیں، جو کام کے لیے غیر محفوظ حالات پیدا کر سکتی ہے یا جزوی طور پر مکمل ہونے والے کاموں کو نقصان پہنچا سکتی ہے، نیز متاثرہ سہولتوں کو دوبارہ استعمال میں لانے سے پہلے سیلاب کے بعد کا ساختی (سٹرکچرل) جائزہ بھی شامل ہے۔ ان حالات کے لیے ہنگامی تیاری، ردِعمل کے طریقہ کار، مواصلاتی پروٹوکول (ترسیلی ضوابط)، اور ادارہ جاتی ذمہ داریوں کی تفصیلات "ہنگامی تیاری اور Response Plan" (ضمیمہ 10) میں بیان کی گئی ہیں۔

سیکشن 4: بیس لائن (بنیادی) ماحولیاتی اور سماجی اعداد و شمار

4.1 ماحولیاتی صورتحال :

تجویز کردہ جگہیں (سائٹس) خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان (ڈی آئی خان) کے رامک اور پنیالہ واٹرشیڈز میں واقع ہیں۔ ان میں پنیالہ، وُنڈہ لوہانی اور کٹہ خیل میں 3 فلڈ پروٹیکشن پُشتے (سیلاب سے بچاؤ کے پُشتوں) اور عبدالخیل، شاہ حسن خیل-1، شاہ حسن خیل-2، کٹہ خیل اور وُنڈہ شہبازی میں 5 گیبیئن بند (لوہے کی چین والےپتھروں کے بند) کی تعمیر شامل ہے۔ یہ علاقہ رودِ کوہی (پہاڑی ندی نالوں) کا خطہ شمار ہوتا ہے۔

4.1.1 مٹی اور زمین کے تحفظ و استحکام سے متعلق اقدامات

منصوبے کا علاقہ **موسمی اعتبار سے نمایاں طور پر تبدیل ہونے والی آبی حالات**."کی خصوصیات رکھتا ہے، جہاں کم وقت کی شدید بارشوں کے باعث تیز رفتار سیلابی ریلے پیدا ہوتے ہیں جو اپنے ساتھ بھاری مقدار میں مٹی اور ریت بہا کر لاتے ہیں۔ یہ قدرتی عمل ندی نالوں کے راستے بدلنے، کٹاؤ، اور علاقائی سطح پر سیلاب کا باعث بنتے ہیں، جس سے زرعی زمین، دیہی انفراسٹرکچر اور قریبی لوگوں کے لیے مسلسل خطرات پیدا ہوتے ہیں۔ تجویز کردہ سیلاب سے بچاؤ کے پُشتے اس لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں تاکہ موسمی رودِ کوہی کے قدرتی بہاؤ کو برقرار رکھتے ہوئے ان خطرات کو کم کیا جا سکے۔ قدرتی نکاسی آب کا نظام عارضی پہاڑی نالیوں پر مشتمل ہے جو صرف بارش کے دوران یا بارش کے فوراً بعد پانی بہا کر لاتی ہیں۔ یہ موسمی نظام زمینی پانی کی بحالی (ریچارجنگ)، گارےکے بیٹھنے، اور ندی نالوں کے قدرتی استحکام کو ممکن بنا کر اہم ماحولیاتی اور آبی خدمات بھی انجام دیتے ہیں۔ تجویز کردہ گیبیئن بند ان ماحولیاتی افعال کو بہتر بنانے کے ساتھ ساتھ حد سے زیادہ کٹاؤ اور نیچے کی جانب مٹی کے بہاؤ کو کم کرنے کے لیے ڈیزائن کیے گئے ہیں۔ منصوبے کے علاقے میں زمین کا استعمال زیادہ تر بارانی زراعت اور مویشیوں کی چرواہی پر مشتمل ہے، جس میں نیم بنجر ماحول کے مطابق بکھری ہوئی قدرتی نباتات موجود ہیں۔

تعمیراتی مرحلے کے عارضی تعطل کو اس ESMP میں بیان کردہ ماحولیاتی انتظامی تدابیر کے ذریعے کم سے کم کیا جائے گا، جن میں مقامی نباتات کا تحفظ، متاثرہ علاقوں کی بحالی، اور تعمیر و آپریشن کے دوران ماحولیاتی نگرانی شامل ہے۔ یہاں کی قدرتی نباتات میں خشک سالی کو برداشت کرنے والی گھاس، جھاڑیاں اور بکھرے ہوئے مقامی درخت شامل ہیں جو مٹی کے استحکام میں مدد دیتے ہیں اور مقامی جنگلی حیات کے لیے موسمی مسکن فراہم کرتے ہیں۔ اگرچہ پروجیکٹ اسکریننگ کے دوران کوئی نایاب یا خطرے سے دوچار انواع نہیں پائی گئیں، لیکن جہاں تک ممکن ہو سکے نباتات کی غیر ضروری کٹائی سے پرہیز کیا جائے گا۔

4.2 سماجی صورتحال:

تجویز کردہ منصوبوں سے ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی پنیالہ، وُنڈہ لوہانی، کٹہ خیل، عبدالخیل، شاہ حسن خیل، اور وُنڈہ شہبازی کی مقامی لوگوں کو فائدہ پہنچے گا۔ پروجیکٹ اسکریننگ اور برادری کی مشاورت کی بنیاد پر، ان اقدامات سے تقریباً 6,100 گھرانوں، جن کی تخمینہ شدہ آبادی 39,650 افراد پر مشتمل ہے، کو براہِ راست فائدہ پہنچنے کی توقع ہے، جہاں خواندگی کی شرح بالخصوص خواتین میں نسبتاً کم ہے۔ یہ برادریاں زیادہ تر مشترکہ قبائلی و سماجی نظام کے تحت زندگی بسر کرتی ہیں اور ان کا ذریعہ معاش زراعت اور مال مویشی پر مبنی ہے، جس کی وجہ سے یہ موسمی پہاڑی ندی نالوں کے سیلاب، مٹی کے کٹاؤ، اور زرعی زمین و مقامی انفراسٹرکچر کے نقصان کے خطرات سے شدید متاثر ہو رہی ہیں۔

4.2.1 منصوبے کی اراضی کی ملکیت:

پیش کردہ اقدامات پر عمل درآمد سے قبل اراضی کی ملکیت کی تصدیق انتہائی اہم ہے، تاکہ صوبائی عمل درآمد کنندہ اسٹیک ہولڈرز اور مطلوبہ زمین پر ملکیت کے حقوق رکھنے والے مقامی لوگوں یا اداروں کے درمیان کسی بھی ممکنہ سماجی یا برادری کے تنازعات سے بچا جا سکے۔ اس کے مطابق، ESاسکریننگ کے عمل کے دوران ابتدا میں اراضی کی ملکیت کی نشاندہی اور دستاویز سازی کی جاتی ہے، جس کے بعد عمل درآمد سے قبل محکمہ آبپاشی خیبر پختونخوا (KP) کی طرف سے اراضی کے متعلقہ ریکارڈ کی تصدیق کی جاتی ہے۔

5گیبیئن بند اور 3 سیلاب سے بچاؤ کے پُشتوں کے ماحولیاتی و سماجی تجزیے سے اس بات کی تصدیق ہوئی ہے کہ 4 گیبیئن بند کے لیے درکار زمین کی ملکیت محکمہ جنگلات، حکومتِ خیبر پختونخوا کے پاس ہے، جبکہ 3 سیلاب سے بچاؤ کے پُشتوں کے لیے درکار زمین مقامی لوگوں/نجی زمین مالکان کی ملکیت ہے۔

محکمہ جنگلات کی زمین پر واقع 04 گیبیئن بند کے لیے، محکمہ جنگلات خیبر پختونخوا نے تعمیرات کے لیے درکار این او سیفراہم کر دیا ہے۔ اس این او سی میں آپریشن اینڈ مینٹیننس (O&M) پلان کی تیاری و عملدرآمد اور گیبیئن بندکی دیکھ بھال (O&M)کے لیے مالی وسائل کی فراہمی سے متعلق شقیں شامل ہیں۔ محکمہ آبپاشی خیبر پختونخوا نے اپنا جواب فراہم کرتے ہوئے ان ضروریات کو پورا کرنے کے اپنے عزم کی تصدیق کی ہے۔ محکمہ جنگلات کی این او سی اور محکمہ آبپاشی خیبر پختونخوا کا متعلقہ جواب ضمیمہ 7 میں فراہم کیا گیا ہے۔

گیبیئن بند کے ساتھ شجرکاری کا منصوبہ بھی گیبیئن بند ڈیزائن رپورٹ میں شامل کر لیا گیا ہے اور اس پر منظور شدہ منصوبے کے مطابق عمل درآمد کیا جائے گا۔ شجرکاری کا منصوبہ ضمیمہ 11 میں دیا گیا ہے، جبکہ اس سے متعلق عملدرآمد اور اثرات میں کمی کے اقدامات اس ای ایس ایم پی (ESMP) کے سیکشن 5 میں شامل کیے گئے ہیں۔

3سیلاب سے بچاؤ کے پُشتوں کے لیے، ماحولیاتی و سماجی تجزیے (ES Screening) نے اس بات کی تصدیق کی کہ درکار زمین مقامی برادری/نجی زمین مالکان کی ملکیت ہے۔ زمین تک رسائی اور عملدرآمد کے لیے کمیونٹی کی رضامندی کو حتمی شکل دینے کی خاطر، پروجیکٹ ڈائریکٹر، ریچارج پاکستان، محکمہ آبپاشی، خیبر پختونخوا اور متعلقہ نجی زمین مالکان کے درمیان پ شراکت داری کے ضوابط (ToP)پر باضابطہ دستخط کر دیے گئے ہیں۔ یہ شراکت داری کے ضوابط 5 ستمبر 2026ء کو درج ذیل کاموں کے لیے تیار کیے گئے تھے:

1. **پیکیج :I-**پنیالہ، ضلع ڈی آئی خان میں سیلاب سے بچاؤ کے حفاظتی پُشتوں کی تعمیر؛ اور
2. **پیکیج :II-**وانڈا لوہانی، ضلع ڈی آئی خان میں سیلاب سے بچاؤ کے 2 حفاظتی پُشتوں کی تعمیر۔

محکمہ آبپاشی خیبر پختونخوا نے شراکت داری کے ضوابط کی تیاری سے آگاہ کیا ہے تاکہ انہیں متعلقہ ESMP دستاویزات میں شامل کیا جا سکے۔ ضوابط اور متعلقہ خط **ضمیمہ 7** میں شامل ہیں ۔

چنانچہ، تمام 5 گیبیئن بند اور 3 حفاظتی پُشتوں کے لیے زمین کی ملکیت اور رسائی کے معاہدوں پر عمل درآمد سے پہلے تصدیق کر کے انہیں تیار کر لیا گیا ہے، اور ملکیت کے متعلقہ ریکارڈ، این او سیز(NOCs) ، شراکت داری کے ضوابط اور دیگر معاون خط وکتابت کو اس ای ایس ایم پی (ESMP) کے ساتھ بطور ضمیمہ منسلک کر دیا گیا ہے۔

سیکشن 5: ماحولیاتی اور سماجی انتظام کا منصوبہ

یہ جدول سرگرمی 1.2.1 – "سیلاب کے خطرے کو کم کرنے کے لیے گرین انفراسٹرکچر کے اقدامات کا ڈیزائن اور عمل درآمد" کے ہر مرحلے کے اہم اثرات، تدارکی تدابیر (کم کرنے کے اقدامات) اور نگرانی کے منصوبے کا احاطہ کرتا ہے۔ اس میں ذیلی سرگرمی 1.2.1.2 – "پنیالہ اور وانڈا لوہانی میں 3 حفاظتی پُشتونکی تعمیر" اور ذیلی سرگرمی 1.2.1.4 – "5 گبیئن بند کی تعمیر" شامل ہیں، جنہیں عمل درآمد کے منصوبے اور نگرانی کے منصوبے کے بنیادی زمروں کے تحت ترتیب دیا گیا ہے۔

جدول 1: ماحولیاتی اور سماجی انتظام کا منصوبہ

مرحلہ / پہلو	عملدرآمد کا منصوبہ			مانیٹرنگ/جائزے کا منصوبہ				بجٹ / اخراجات پاکستانی روپے میں
	ماحولیاتی اور سماجی اثرات	مجوزہ تدارکی تدابیر (Mitigation Measures)	ذمہ داری (عمل درآمد)	مانیٹرنگ پیرامیٹرز	تواتر / فریکوئنسی	ذمہ داری (مانیٹرنگ)	پاسداری کے معیارات	
زمین کی ملکیت اور رسائی	زمین کی ملکیت، زمین تک رسائی اور کمیونٹی/ادارتی سطح پر ممکنہ تنازعات: تصدیق شدہ ملکیت یا تحریری رضامندی کے بغیر کام کے آغاز سے محکمہ جنگلات یا نجی/کمیونٹی اراضی کے مالکان کے ساتھ تنازعات، تاخیر یا جھگڑا پیدا ہو سکتا ہے۔	• ہر منصوبہ کے آغاز سے پہلے زمین کی ملکیت کی تصدیق اور دستاویز کاری کریں۔ • محکمہ جنگلات کی زمین پر 4 گبیئن بندکے لیے محکمہ جنگلات کے پی کے کی این او سی کی پاسداری یقینی بنائیں، بشمول ضروری استعمال کے وقت کیلئے پلان کی تیاری، عمل درآمد اور وسائل کی فراہمی۔ • نجی/کمیونٹی اراضی پر واقع 3 فلڈ پروٹیکشن بند کے لیے، زمین تک رسائی اور متعلقہ اراضی مالکان کی رضامندی کے ثبوت کے طور پر مورخہ 05 ستمبر 2026 کے باقاعدہ دستخط شدہ شراکت داری کے (ToP Deeds) معاہدے محفوظ اور مؤثر رکھے جائیں گے۔	محکمہ آبپاشی PMU-SIUکے پی / SIU	• تصدیق شدہ ملکیتی ریکارڈ کی دستیابی۔ • محکمہ جنگلات کی این او سی دستیاب ہو اور اس کی شرائط پر عمل کیا گیا ہو۔ • تین ایف پی ایزکے لیے دستخط شدہ شراکت داری کی دستاویز دستیاب ہوں۔ (O&M)• این او سی اور ضروریات کی پاسداری کے شواہد۔ • زمین سے متعلق شکایات/تنازعات۔	عمل درآمد سے قبل؛ اور تمام تعمیراتی مرحلے کے دوران مانیٹرنگ	محکمہ آبپاشی کے PMU-SIUپی /	• تمام منصوبوں کی سائٹس کے لیے ملکیت کی تصدیق اور دستاویز ی عمل مکمل ہو۔ • مطلوبہ این او سی اور شراکت داری کی شرائط باقاعدہ نافذ اور دستیاب ہوں۔ • زمین تک رسائی/رضامندی کی تصدیق کے بغیر کوئی کام شروع نہ کیا گیا ہو۔ • این او سی اور شراکت داری کی شرائط کی پاسداری کی گئی ہو۔ • پروجیکٹ سے منسوب زمین کی ملکیت/رسائی کا کوئی حل طلب تنازع نہ ہو۔	—

مرحلہ / پہلو	عملدرآمد کا منصوبہ			مانیٹرنگ/جائزے کا منصوبہ				بجٹ / اخراجات پاکستانی روپے میں
	ماحولیاتی اور سماجی اثرات	مجوزہ تدارکی تدابیر (Mitigation Measures)	ذمہ داری (عمل درآمد)	مانیٹرنگ پیرامیٹرز	تواتر / فریکوئنسی	ذمہ داری (مانیٹرنگ)	پاسداری کے معیارات	
		• جہاں ملکیت، این او سی، یا زمین تک رسائی کے انتظامات کی تصدیق اور دستاویز تیار نہ ہوئی ہو، وہاں کام شروع نہ کریں۔ • تمام ملکیتی ریکارڈز، این او سی اور شراکت کی شرائط اور معاون خط و کتابت کو ای ایس ایم پی کے ساتھ محفوظ رکھیں۔						
حصولی اور ڈیزائن کا مرحلہ								
خریداری/پروکیورمنٹ اور ڈیزائن کا مرحلہ	• منظور شدہ ڈیزائن کی حدود سے تجاوز کر کے غیر ضروری اراضی کی خرابی کا خطرہ۔ • بالخصوص مون سون مٹی کے کے موسم میں کٹاؤ اور زراعت/پانی میں مٹی جمع ہونے کے خطرات، • ملحقہ اراضی، حساس علاقوں اور کمیونٹی کی رسائی کے راستوں کو نقصان۔ • مٹی کا بیٹھنا/سخت ہونا ۔ • مٹی کے کٹاؤ اور تدارک کی تدابیر کے عمل درآمد پر معمولی عملدرآمد۔	**کام کیلئے محدود /مخصوص علاقہ:** • منظور شدہ انجینئرنگ ڈرائنگز میں مجوزہ سیلاب کیلئے حفاظتی پُشتوں اور گبیئن بندکے احاطے کی واضح نشاندہی اور حد بندی کریں۔ • تمام تعمیراتی سرگرمیوں کو منظور شدہ پروجیکٹ کی حدود تک محدود رکھیں۔ • نشان دہی اور طبعی حد بندی کے ذریعے ملحقہ اراضی کو محفوظ رکھیں۔ **تعمیراتی منصوبہ سازی:** • جہاں عملی طور پر ممکن ہو، بڑے پیمانے پر مٹی کی کھدائی اور گبیئن کی تنصیب کو مون سون کے موسم سےہٹ کر کریں۔	صوبائی محکمہ آبپاشی، انجینئرنگ ڈیزائن کنسلٹنسی فرم اور کنٹریکٹر منظور شدہ ڈیزائن میں گاڑیوں کی آمدورفت کے نقشے صوبائی محکمہ آبپاشی، انجینئرنگ ڈیزائن کنسلٹنسی فرم اور کنٹریکٹر	پروجیکٹ کی حدود بتانے/دکھانے والی منظور شدہ انجینئرنگ ڈرائنگز۔ موسمی تحفظات کو ظاہر کرنے والا منظور شدہ تعمیراتی شیڈول۔ اس بات کی تصدیق کہ ای ایس ایم پی ضمیمہ جات اور تحفظاتی ضروریات کو معاہدے کی دستاویزات میں شامل کر لیا گیا ہے۔ BOQsٹینڈر دستاویزات میں اور تکنیکی تفصیلات میں مٹی کے کٹاؤ کو روکنے کی تدابیر کی شمولیت۔	ڈیزائن کو حتمی شکل دیتے وقت ایک بار، اور ٹینڈر کی منظوری سے قبل	صوبائی محکمہ آبپاشی ، ماحولیاتی و سماجی فوکل پرسن تعمیراتی مدت کے دوران کنٹریکٹر علاقے کی باڑ لگانے کا ذمہ دار ہے کنٹریکٹر، ڈیزائن کنسلٹنٹ فرم، ایس آئی یو -این بی ایس ٹیم، M&E/ESSآفیسر	• ڈیزائن کی دستاویزات واضح طور پر کام کی محدود حدود کو ظاہر کرتی ہوں۔ • بی او کیو میں کٹائو کے کنٹرول کی شقیں شامل ہوں۔ • ورک پلان میں موسمی شیڈولنگ کو ظاہر کیا گیا ESMPہو اور ضروریات کی پاسداری کی گئی ہو۔	یہ اخراجات ان ذیلی سرگرمیوں کے ڈیزائن اور عمل کے درآمد لیے مختص کردہ مجموعی بجٹ/اخراجات میں شامل ہیں

